97918 ـ بڑى بيٹى كى شادى ہونے تك چھوٹى كى شادى نہ كرنا

سوال

كيا باپ پر واجب ہے كہ بڑى بيٹى كى شادى ہونے تك چھوٹى بيٹى كى شادى نہ ہونے دے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

اگر چھوٹى بيٹى كا رشتہ آئے تو باپ كے ليے جائز نہيں كہ وہ اس وجہ سے اس كى شادى نہ كرے اور رشتہ رد كر دے كہ جب تك بڑى بيٹى كى شادى نہيں ہوتى وہ اس كى شادى نہيں كريگا.

يہ ان رسم و رواج اور عادات ميں شامل ہے جس كى شريعت اسلاميہ ميں كوئى دليل نہيں پائى جاتى، لوگوں كا خيال ہے كہ ايسا كرنے سے بڑى بيٹى كے ليے نقصانده ہے، اگر يہ بات صحيح ہو تو پھر ايسا كرنے سے تو چھوٹى بيٹى كو نقصان ہوتا ہے.

اور پھر نقصان اور ضرر نقصان و ضرر سے دور اور زائل نہيں ہوتا ".